**04.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

.......................................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک نے اصلاحات، مالیاتی نظم و ضبط، شفافیت اور شمولیاتی ترقی کے تیئں مسلسل عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس صدی کے پہلے آدھے حصے میں بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے قومی ہدف پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کیلئے 300 رکنی اقتصادی مشن کی قیادت کرنے پر بیلجیم کی شہزادی Astrid کا شکریہ ادا کیا۔

☆ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے IIMC کو جدید ترین سہولیات سے آراستہ عالمی درجے کا میڈیا ادارہ بنانے کے عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ یوکرین کو امریکہ کی جانب سے فوجی امداد روک دیئے جانے کے تناظر میں یوروپی یونین کی سربراہ Ursula Von der Leyen نے یوروپ کی مسلح کاری کیلئے 800 ارب ڈالر کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور...... دبئی میں مردوں کے ICC چمپئنس ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 265 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

.......................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev PM Webinar MSME**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک نے گزشتہ 10 برسوں میں اصلاحات، مالیاتی نظم و ضبط، شفافیت اور شمولیاتی ترقی کے تیئں لگاتار عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ وزیر اعظم بجٹ کے بعد ایک ویبینار سے آج خطاب کر رہے تھے۔ ویبینار کا عنوان تھا: ’’MSME، ترقی کے انجن: مینوفیکچرنگ، برآمدات اور نیوکلیائی توانائی مشن، انضباط، سرمایہ کاری اور کاروبار کرنے میں آسانی کیلئے اصلاحات‘‘۔وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ حکومت خود کفیل بھارت کے نظریے کیلئے کام کر رہی ہے اور اس نے اصلاحات کی رفتار کو بڑھا دیا ہے۔

2100- PM- 10 Years

وزیر اعظم نے کہا کہ مستحکم پالیسی اور بہتر کاروباری ماحول، ترقی کیلئے اہمیت کے حامل ہیں۔ ملک میں کاروبار میں آسانی پیدا کرنے کیلئے اٹھائے گئے مختلف اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت نے جَن وشواس قانون نافذ کیا ہے اور تقاضوں کو کم کرتے ہوئے انکم ٹیکس کا آسان تصور متعارف کرایا ہے۔

2100- PM - Jan Vishwas

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ دنیا، بھارت کی کھلونا، فٹ ویئر اور چمڑے کی صنعت کی صلاحیت کو تسلیم کرچکی ہے اور روایتی ہنر کو جدید ٹیکنالوجیز سے جوڑ کر خاطر خواہ کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔حکومت کی جانب سے قرض فراہم کرنے میں آسانیوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ لوگ اب بنا کسی ضمانت کے قرض حاصل کر رہے ہیں جس کا انہوں نے پہلے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا۔ وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ پہلی مرتبہ کاروبار کر رہے پانچ لاکھ خواتین، SC اور ST برادریوں کے کاروباریوں کو دو کروڑ روپے کا قرض دیا جائے گا۔ PLI اسکیم سے 14 شعبوں کے مستفید ہونے کاذکر کرتے ہوئے وز اعظم نے مینوفیکچرنگ اور برآمدات کو فروغ دینے کے دو مشنوں کا اعلان کیا۔ وزیر اعظم نے صنعتی رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ محض ناظرین نہ بنیں اور عالمی سپلائی Chain میں مواقع تلاش کریں۔

## PM Vantara

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گجرات کے جام نگر میں جنگلی جانوروں کے تحفظ، اُنھیں بچانے اور بازآبادکاری کی منفرد پہل Vantara کا افتتاح کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ یہ پہل ماحولیاتی پائیداریت اور جنگلی جانوروں کی بہبود کو فروغ دیئے جانے کے ساتھ جانوروں کو ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ Vantara جیسی ایک کوشش صحیح معنی میں قابل ستائش ہے۔xs

## Prez Visitor Conference

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ اس صدی کے پہلے نصف سے قبل بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کا قومی ہدف طے کیا گیا ہے۔ آج شام راشٹرپتی بھون میں دو روزہ وزیٹرس کانفرنس کے موقع پر اپنے اختتامی کلمات میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس ہدف کو حاصل کرنے کیلئے تعلیمی اداروں کے سبھی متعلقہ فریقوں اور طلبا کو ایک عالمی نقطہ نظر کے ساتھ آگے آنا ہوگا۔

S/B 2100 Prez Draupadi Murmu Youth

صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت دنیا میں تیسری بڑی معیشت بننے کی سمت آگے بڑھ رہا ہے اور حقیقی معنی میں ترقی یافتہ، بڑی اور مضبوط معیشت کے ساتھ خودکفیل ہوتا جارہا ہے۔x

## Prez IRS Officers

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس بات پر زور دیا کہ ترقی کو موثر اور منصفانہ طریقے کے ساتھ پائیدار، شمولیت اور وسائل والا بنایا جانا چاہئے۔ صدر جمہوریہ نے یہ بات راشٹرپتی بھون میں بھارتی ریوینیو سروس کے تربیتی

افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک کا بنیادی ڈھانچہ اور ڈیجیٹل کنکٹی ویٹی تیزی سے ترقی کر رہے ہیں جس سے اقتصادی موقعے پہلے سے کہیں زیادہ قابل رسائی ہوگئے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارتی ریوینیو سروس کے افسران کا کام حکمرانی اور فلاح و بہبود کے اہم ترین کاموں میں سے ایک ہے۔x

## PM Belgium Princess

بلجیم کی شہزادی Astrid نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے بھارت کیلئے 300 ممبروں کے اقتصادی مشن کی قیادت کیلئے بلجیم کی پرنسز کی پہل کے تیئں تشکر کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ وہ تجارت، ٹیکنالوجی، دفاع، زراعت، حیاتی سائنس، اختراع، ہنر اور تعلیم کے تبادلے میں نئی شراکت داری کے ذریعے دونوں ملکوں کے لوگوں کیلئے بیشمار موقع بروئے کار لانے کے متمنی ہیں۔

## Jaishankar UK Visit

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے آج لندن میں برطانیہ کی داخلی امور کی سکریٹری Yette Cooper سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، طرفین نے ذہین افراد کے تبادلے اور عوام سے عوام کے مابین رابطوں اور اسمگلنگ اور دہشت گردی پر قابو پانے کی مشترکہ کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے، جو برطانیہ کے ایک دن کے دورے پر ہیں، کاروبار اور تجارت کے محکمے کے ریاستی سکریٹری Jonathan Reynolds سے بھی ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان آزاد تجارتی سمجھوتے کی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Vaishnaw IIMC

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونی کیشن IIMC کو جدید سہولیات کے ساتھ ایک عالمی درجے کا میڈیا ادارہ بنائے جانے کا اعادہ کیا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں IIMC کی 56ویں تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ آج پوری دنیا کا میڈیا بدل رہا ہے۔ انھوں نے طلبا سے کہا کہ وہ ہمیشہ ملک کو مقدم رکھیں۔ انھوں نے طلبا پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ اپنے کام پر توجہ مرکوز رکھیں اور اپنے مقصد کے تیئں پُرعزم رہیں۔ پروگرام کے دوران وزیر موصوف نے 2023-24 بیچ کے صحافت کے 478 طلبا کو پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما تفویض کئے۔ ہونہار 36 طلبا نے اپنی تعلیمی مہارت کے صلے میں میڈل اور نقد رقم حاصل کی۔x

## Maha Minister Resignation

مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کی سفارش کے مطابق مہاراشٹر کے خوراک،

سول سپلائیز اور صارفین کے تحفظ کے وزیر Dhananjay Munde کا استعفیٰ قبول کرلیا ہے۔ آج دن میں جناب Munde نے جناب فڑنویس کو اپنا استعفیٰ پیش کیا تھا۔Beed SIB ضلعے میں Massajog گاؤں کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل میں، جناب Dhananjay Munde کے ایک قریبی ساتھی کے مبینہ ملوث ہونے کی بات واضح ہونے کی بعد انہوں نے اپنا استعفیٰ پیش کیا ہے۔ اپوزیشن پارٹیاں اور BJP کے MLA سریش Dhas، کئی دنوں سے جناب منڈے کے استعفے کا مطالبہ کر رہے تھے۔x

## BJP Statement

سماجوادی پارٹی کے مہاراشٹر ریاستی صدر اور MLA ابواعظمی نے مغل حکمراں اورنگ زیب کی ستائش کرنے والے اپنے اُس بیان کو واپس لے لیا ہے جس نے ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر ایک تنازع پیدا کردیا تھا اور جس کے سبب مہاراشٹر قانون سازیہ کے دونوں ایوانوں میں زبردست ہنگامہ دیکھنے میں آیا۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں ابواعظمی نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اُن کا بیان تاریخ دانوں کے تحریروں پر مبنی تھا اور جسے انھوں نے توڑ مروڑ کر مبالغے کے ساتھ پیش کیا تھا۔ انھوں نے چھترپتی شیواجی مہاراج، چھترپتی سمبھا جی مہاراج، ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر اور مہاتما جیوتی راؤ پھولے سمیت سبھی عظیم شخصیات کے احترام کے تئیں اپنے احترام کو بھی اجاگر کیا جنھوں نے سبھی فرقوں کے لوگوں کے ساتھ مساویانہ سلوک کیا تھا۔ اس سے قبل BJP نے انڈیا بلاک ممبروں کے اُن بیانات کی شدید نکتہ چینی کی تھی جس میں مغل حکمراں اورنگ زیب کی تعریف کی گئی تھی۔x

## EU- UKRAINE DEFENCE

یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen یوروپ کی دفاعی صنعت کو مستحکم کرنے اور فوجی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے آج ایک منصوبہ پیش کیا۔ برسلز میں میڈیا کو اس منصوبے کے بارے میں بتائے ہوئے انھوں نے کہا کہ یوروپ نئے سرے سے مسلح ہونے کے دور کا مشاہدہ کر رہا ہے اور یہ خطہ اپنے دفاعی اخراجات کو بڑے پیمانے پر بڑھانے کے لئے تیار ہے۔انھوں نے کہا کہ ری آرم یوروپ کے عنوان سے اس منصوبے سے 841 ارب ڈالر فراہم ہو سکتے ہیں۔ Qval آفس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر volodymir zelenski کے درمیان ہوئی بحث و تکرار کے بعد امریکہ نے یوکرین کے لئے تمام فوجی امداد روک دی تھی جس کے بعد اب یہ اعلان کیا گیا ہے۔ محترمہ Von Der Leyen نے یوروپ کی سیکورٹی کے تعلق سے ایک پانچ نکاتی منصوبہ کے بارے میں بتایا۔

((NULL) -2100- EU CHIEF- DEFENCE PLANE )

دوسری طرف، امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وانس نے کہا ہے کہ اگر یوکرین کے صدر وولودمی زیلنسکی امن مذاکرات کے لئے سنجیدگی سے خواہش مند ہیں تو یوکرین کے لئے بات چیت کے راستے کھلے ہیں۔x

## Women Panchayati Raj

پنچایتی راج کی وزارت نے آج نئی دلّی میں پنچایتی راج اداروں کی منتخبہ خواتین نمائندوں کی قومی ورکشاپ

میں سشکت پنچایت میتری ابھیان کا آغاز کیا۔ مذکورہ ابھیان ایک جامع اور صلاحیت سازی کے مقررہ نشانے کی ایک پہل ہے جس کا مقصد ملک بھر کے پنچایتی راج اداروں کی منتخبہ خواتین نمائندوں کو مضبوطی فراہم کرنا ہے۔x

## Rev. Nadda NHM Meeting

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں قومی صحت مشن NHM کے Mission Sterring Group کے نویں میٹنگ کی صدارت کی۔ NHM کے تحت مشن اسٹیرنگ گروپ ایک اعلیٰ پالیسی ساز اور اسٹیرنگ ادارہ ہے، جو صحت کے سیکٹر کیلئے وسیع پالیسی سمت اور حکمرانی فراہم کر رہا ہے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈّا نے اس کی حصولیابیوں کیلئے NHM کو سراہا اور مختلف پہل قدمیوں اور اسکیموں کے نتائج کو یقینی بنانے میں اس کے رول کیلئے اسٹیرنگ گروپ کا شکریہ ادا کیا۔ انھیں بتایا گیا کہ بھارت نے قومی صحت پالیسی NHP میں طے کردہ زچگی شرح اموات، MMR، 100 اموات فی ایک لاکھ پیدائش کے ہدف کو حاصل کرلیا ہے۔ صحت کی وزارت نے مزید کہا ہے کہ 1990 اور 2020 کے درمیان بھارت میں MMR میں 83 فیصد کی کمی آئی جو عالمی MMR میں کمی سے کہیں زیادہ ہے۔ اس مدت کے دوران، ملک میں بچوں کی شرح اموات میں 69 فیصد کی کمی دیکھی گئی جبکہ عالمی سطح پر MMR میں 55 فیصد کی کمی دیکھی گئی۔ ملک بھر میں آج ایک لاکھ 76 ہزار سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندرس کام کر رہے ہیں۔ تپ دق کے خاتمے کے قومی پروگرام کے تحت 2015 سے 2023 کے دوران TB کے معاملوں میں 18 فیصد کی کمی ہوئی ہے جو اس میں عالمی سطح پر کمی سے دو گنا زیادہ ہے۔x

## Rajnath DRDO

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ہائبرڈ جنگی حربے، سائبر اور خلاء پر مبنی جیسی رکاوٹیں سکیورٹی نظام کیلئے چیلنج بن رہے ہیں۔ انہوں نے آج نئی دلّی میں داخلی سلامتی کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے متعلق ایک سیمینار میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے اس بات کو اجاگر کیا کہ پوری دنیا میں داخلی اور بیرونی سکیورٹی کے درمیان اوور لیپ کی وجہ سے سکیورٹی کی صورتحال انتہائی پیچیدہ ہوگئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جو علاقے اور خطے شورش پسندی، بائیں بازو کی انتہا پسندی اور دہشت گردی سے متاثر ہیں، اُن کے اپنے الگ مسائل ہیں۔ انہوں نے اِن چیلنجوں کے بہتر حل کیلئے خصوصی شعبوں پر توجہ مرکوز کئے جانے پر زور دیا۔

SB - Rajnath Singh

## Jaipur Economy Forum

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ سال 2050 تک، بھارت کی مدَوّر معیشت سے دو ٹریلین ڈالر سے زیادہ کی بازار قدر اور تقریباً ایک کروڑ ملازمتوں کی تشکیل ہوسکتی ہے۔ جناب یادو جے پور میں ایشیا اور بحرالکاہل میں 12 ویں علاقائی 3R اور سرکلر اکنامی فورم سے خطاب کر رہے تھے۔ اس فورم کا اختتام، کل، جے پور بیانیے کے ساتھ ہوگا۔ x

## Colombo strike wihtdrawn

سری لنکا میں سرکاری میڈیکل افسران کی ایسوسی ایشن نے وزیرصحت کے ساتھ بات چیت کے بعد کل ہونے والی ہڑتال منسوخ کردی ہے۔ ایسوسی ایشن نے ایک بیان میں کہا کہ یہ ہڑتال 21 مارچ تک مؤخر کرنے کا اعلان کیا گیا ہے جس سے مزید بات چیت کے لئے وقت مل جائے گا۔x

## CEC Conference

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے تمام انتخابی افسران،ضلع انتخابی افسران اور بوتھ سطح کے افسران سے سبھی آئینی ذمے داریوں کو مستعدی اور شفافیت سے انجام دینے پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف انتخابی افسران کی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب کمار نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ سبھی سیاسی جماعتوں کیلئے قابل رسائی اور جوابدہ بنیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سبھی آئینی سطح پر کُل جماعتی میٹنگوں کا باقاعدگی سے انعقاد کیا جائے تاکہ متعلقہ اتھارٹی کسی مسئلے کا آئینی دائرے میں حل نکال سکے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے سبھی CEOs سے کہا کہ وہ 31 مارچ تک متعلقہ نائب انتخابی کمشنر کے پاس مسئلہ وار کارروائی جاتی رپورٹ جمع کرائیں۔ جناب کمار نے یہ بھی کہا کہ افسران اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ ملک میں 18 سال عمر کے سبھی افراد ووٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہوں۔ اعلیٰ انتخابی افسر نے افسران کو یہ بھی ہدایت دی کہ وہ ہر پولنگ بوتھ پر 800 سے 1200 رائے دہندگان کو یقینی بنانے کیلئے کام کریں اور اِس بات کی کوشش کریں کہ ہر ووٹر کا پولنگ بوتھ اُس کی رہائش گاہ سے 2 کلو میٹر کے اندر ہو۔ جناب کمار نے کہا کہ دیہی علاقوں میں ووٹنگ کو آسان بنانے کیلئے کم از کم سہولیات کی یقینی فراہم کے ساتھ پولنگ بوتھ قائم کیے جائیں۔ x

## Cricket

ICC کرکٹ کے چمپئنس ٹرافی میں، دبئی میں کھیلے جا رہے پہلے سیمی فائنل میں 265 رن کا پیچھا کرتے ہوئے تازہ خبریں ملنے تک بھارتی ٹیم نے 47 اوورس میں 5 وکٹ پر 253 رن بنا لئے ہیں۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے آسٹریلیا کی پوری ٹیم 49 اورس اور تین گیندوں میں 264 رن بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ بھارتی گیند بازوں نے شاندار گیند بازی کا مظاہرہ کیا۔ کپتان اسٹیون اسمتھ نے سب سے زیادہ 96 گیندوں پر 73 رن کا نمایاں اسکور کیا، جبکہ Alex Carey نے 57 گیندوں پر 61 رن اور Travis Head نے 33 گیندوں پر 39 رن بنائے۔ دوسری طرف محمد شامی نے 3 وکٹ، جبکہ ورون چکرورتی اور رویندر جڈیجہ نے دو دو وکٹ حاصل کئے۔ کل لاہور میں کھیلے جانے والے دوسرے سیمی فائنل میں نیوزی لینڈ کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆